سلسلۂ حج: 6

# اِحرام سے متعلق جُرم اور ان کے کفارے

از: أبو الليث محمد طاهر بن عبد الرحيم قادری

تصدیق: شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی (صاحبِ فتاویٰ حج وعمرہ۔العُروہ فی مناسک الحج و العمرہ)

## ضروری معلومات:

| | |
|---|---|
| دم | سے مراد ایک بکرہ (دنبہ، بھیڑ، نر، مادہ، یا اونٹ/گائے کا ساتواں حصہ) جو حدودِ حرم میں بطورِ کفارہ قربان کئے جائیں۔ |
| بَدَنہ | سے مراد اونٹ یا گائے (بھینس، بیل وغیرہ) جو حدودِ حرم میں بطورِ کفارہ قربان کئے جائیں۔ |
| صدقہ | یعنی صدقہءِ فطر کی مقدار۔ نصف صاع (۱۹۲۰ گرام) گندم، آٹا۔ یا کامل صاع (۳۸۴۰ گرام) جو، یا کھجور یا اس کی رقم۔ |
| چار پہر | یعنی ایک دن یا ایک رات کی مقدار جیسے طلوع سے غروب، غروب سے طلوع یا دوپہر سے آدھی رات یا اس کا عکس |

نوٹ: وہ جرم جو کسی عذر یا تکلیف کی وجہ سے ہو۔ اسے غیر اختیاری جرم کہتے ہیں اس میں دم یا صدقہ واجب ہو تو اس میں متبادل صدقہ اور روزے بھی ہیں۔ جن کی تفصیل کسی مستند مفتی سے معلوم کر سکتے ہیں۔

- **خوشبو سے متعلق جُرم اور اُن کے کفارے:**

### خوشبو بدن پر لگائی یا لگ گئی تو

(i) اگر خوشبو تھوڑی ہے تو۔۔ پورے عضو (جیسے سر، منہ، پنڈلی، ران) یا عضو کی مقدار پر لگنے کی صورت میں دم ہے اور پورے عضو سے کم میں **صدقہ** ہے۔

(ii) اگر خوشبو زیادہ ہے تو۔۔ چوتھائی عضو پر لگنے کی صورت میں **دم**، اور اس سے کم میں **صدقہ** لازم ہوگا۔

### خوشبو کپڑے پر لگائی یا لگ گئی تو

(i) اگر خوشبو تھوڑی ہو۔۔ اور اسے ایک دن یا ایک رات یا اتنی دیر پہنے رکھا۔ تو ایک بالشت میں **صدقہ** ہے۔ اور اس سے کم میں **ایک مٹھی بھر اناج**۔

(ii) اگر خوشبو کثیر ہو۔۔ اور اسے ایک دن یا ایک رات یا اتنی دیر تک پہنا۔ تو ایک بالشت جگہ میں دم، اور اس سے کم میں **صدقہ** ہے۔

نوٹ: زیتون اور تل کا تیل اور مہندی، وسمہ کا خضاب، مذکورہ بالا مسائل کے تحت ہی آتے ہیں۔

**خالص خوشبودار چیز کھائی:** مثلاً الائچی لونگ وغیرہ، اتنی کھائی کہ منہ کے اکثر حصہ میں لگ گئی تو، **دم** ہے ورنہ **صدقہ**۔

نوٹ: تھوڑی یا زیادہ خوشبو کا معیار یہ ہے کہ۔ جسے لوگ دیکھ کر بہت یا کم بتائیں۔

## لباس سے متعلق جُرم اور اُن کے کفارے:

**سلا ہوا کپڑا پہننا:**

مرد کو حالتِ احرام میں سلا ہوا کپڑا پہننا حرام ہے، خواہ بھولے سے ہو یا جان بوجھ کر ایک لمحہ بھی سلا ہوا کپڑا پہنا تو **صدقہ** واجب ہو گا۔

چار پہر (یعنی ایک دن یا ایک رات کی مقدار) یا اس سے زیادہ وقت پہننے کی صورت میں **دم** واجب ہو گا۔

**سر یا منہ چُھپانا:**

- **مَرد کا سر**۔۔اور **مرد و عورت کسی کا بھی پورا چہرہ**۔۔**یا**۔۔**چوتھائی حصہ**۔۔ایک دن یا رات (یا اتنی دیر) چُھپایا تو دم ہے۔
- اس سے کم مُدت یا مقدار میں **صدقہ** ہے یعنی چوتھائی سے کم یا چار پہر سے کم کوئی بھی ایک صورت پائی جائے تو **صدقہ** ہے۔
- اور دونوں صورتیں ایک ساتھ ہوں۔ یعنی جب چار پہر سے کم وقت تک چوتھائی سے کم چھپایا۔ تو کچھ کفارہ نہیں۔

نوٹ: یہی مسئلہ مردوں کے ایسے **جوتے پہننے** میں ہیں جو قدم کے بیچ کے ابھار کو چھپائیں یعنی پورے چار پہر میں **دم**۔ اُس سے کم میں **صدقہ**۔

## بال/ناخن سے متعلق جُرم اور ان کے کفارے:

**سر اور داڑھی سے متعلق:**

- مرد نے سر یا داڑھی کے سارے یا کم سے کم چوتھائی بال (خواہ ایک مقام سے ہوں یا الگ الگ مقام سے) جدا کئے تو دم ہے۔
- چوتھائی سے کم بال میں **صدقہ** ہے۔ اور عورت نے چوتھائی سر کے بال **ایک پورے برابر** کترے تو دم۔ اور کم میں **صدقہ** ہے۔

## سر یا داڑھی کے علاوہ اعضاء کی تفصیل:

| عضو/جرم | کفّارہ | عضو/جرم | کفّارہ |
|---|---|---|---|
| کم از کم پوری گردن کے بال جدا کئے | دم | (کنگھی وضو وغیرہ میں) تین سے زائد کچھ بال ٹوٹے جو چوتھائی عضو سے کم ہو | صدقہ |
| پوری گردن سے کچھ کم بال میں | صدقہ | بغیر ہاتھ لگائے خود بال گریں | کچھ نہیں |
| بغل (ایک مکمل یا دونوں مکمل) | ایک دم | غیر محرم نے کسی دوسرے محرم کا سر مونڈا (افعال عمرہ یا حج کی تکمیل سے پہلے) | صدقہ |
| ایک بغل سے کم | صدقہ | محرم نے کسی دوسرے محرم کا سر مونڈا (افعال عمرہ یا حج کی تکمیل کے بعد) | کچھ نہیں |
| زیر ناف پورے | دم | محرم نے غیر کی مونچھیں کاٹیں یا ناخن کاٹے | کچھ صدقہ |
| پورے زیر ناف سے کچھ کم | صدقہ | پوری مونچھ کتروانا یا مونڈوانا | صدقہ |

## ناخن سے متعلق تفصیل:

| جُرم | کفّارہ |
|---|---|
| ایک کامل ہاتھ یا دونوں ہاتھ پاؤں کے سارے ناخن ایک ساتھ کاٹے (ایک جلسہ میں) | ایک دم |
| ایک کامل ہاتھ سے کم ناخن کاٹے اگرچہ ہر ہاتھ کے چار چار کاٹے | ہر ناخن پر ایک صدقہ |
| چار مرتبہ الگ الگ جلسوں میں، اس طرح کاٹے کہ: ہر جلسہ میں ایک کامل ہاتھ/پاؤں کے ناخن کاٹے | چار دم |

## جماع اور اس سے متعلق افعال کے جرم اور ان کے کفارے:

| جُرم | کفّارہ |
|---|---|
| حج کے احرام میں وقوفِ عرفہ سے پہلے جماع کیا تو۔۔ | **حج فاسد** ہو گیا۔ اُسے حج کی طرح پورا کر کے **دم** دے۔ اور سال آئندہ اس حج کی **قضا** بھی کرے۔ مَرد و عورت دونوں احرامِ حج میں ہوں تو دونوں یہی کریں۔ |
| حج کے احرام میں وقوفِ عرفات کے بعد حلق اور طوافِ زیارت کے چار چکر سے پہلے جماع کیا تو۔۔ | حج فاسد نہیں ہو گا لیکن **بدنہ** یعنی ایک گائے/اونٹ دے |
| حج کے احرام میں حلق کے بعد طواف سے پہلے جماع کیا تو۔۔ | حج فاسد نہیں ہو گا۔ لیکن **دم** ہے اور بہتر اب بھی بدنہ (گائے/اونٹ) ہے۔ |
| عمرہ کے طواف میں چار پھیرے سے پہلے جماع کیا تو۔۔ | **عمرہ جاتا رہا**۔ اس کی **قضا کرے** اور **دم** دے |
| عمرہ کے طواف میں چار پھیرے کے بعد جماع کیا تو۔۔ | چار پھیرے کے بعد صرف **دم** دے، عمرہ صحیح ہے۔ |
| کسی بھی احرام میں مباشرت فاحشہ اور شہوت کے ساتھ بوس و کنار اور بدن مس کرنا، اگرچہ انزال نہ ہو | **دم** ہے، بلا شہوت کچھ نہیں۔ مشت زنی سے انزال ہو جائے تو۔۔ **دم** ہے۔ |

نوٹ: حج قران والے کے مسائل کچھ مختلف ہیں۔

## جوں مارنا سے متعلق کفارے:

| جُرم | کفّارہ |
|---|---|
| **اپنی جوں اپنے بدن یا کپڑوں میں ماری یا پھینک دی یا سر یا کپڑا دھویا یا جوں مارنے کو دھوپ میں کپڑا اسکھایا تو ایک جوں میں** | روٹی کا ٹکڑا صدقہ |
| **مذکورہ بالا صورت میں۔۔ دو یا تین جوں میں** | تو ایک مٹھی اناج |
| **مذکورہ بالا صورت میں۔۔ دو یا تین جوں سے زائد میں** | صدقہ |
| **زمین وغیرہ پر گری ہوئی جوں یا دوسرے کے بدن یا کپڑوں کی جوں مارنے میں** | کچھ نہیں |

## شکار سے متعلق کفارے:

- خشکی کے جانور جو وحشی ہوں ان کا شکار کرنا اور اس شکار پر مدد کرنا، اس کی طرف رہنمائی کرنا یہ سب کام **کفارہ** کو واجب کرتے ہیں۔
- حلال جانور کا کفارہ۔۔**اُس کی قیمت ہے**۔ جو دو عادل شخص وہاں کے حساب سے بتائیں۔
- اور حرام جانور میں کفارہ۔۔**ایک بکری ہے**۔
- **مُحرم کا شکار۔مُردار ہے**۔ اس کا گوشت اگر شکار کے کفارے کے بعد کھایا۔۔تو اس کھانے کا کفارہ بھی الگ ہے۔
- محرم نے شکار کے لئے ضرورت پڑنے پر آلۂ شکار دیا تو اس پر **پورا کفارہ** لازم ہے۔